پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

13 دسمبر 2017

# ریزرو بینک آف انڈیا نے انڈس انڈ بینک لمٹیڈ پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک نے 12 دسمبر 2017 کو انڈس انڈ بینک لمٹیڈ پر 30 ملین روپیہ (3 کروڑ روپیہ) کا مالیاتی جرمانہ عائد کردیا ہے۔ ریزرو بینک نے اس بینک پر یہ جرمانہ اس کے ذریعہ آر بی آئی سے جاری انکم پہچان اینڈ اسیٹ درجہ بندی (آئی آر اے سی) ضابطوں کی عدم تعمیل اور غیر فنڈ بنیاد سے متعلق ریگولیٹری پابندیوں کی خلاف وزری کی وجہ سے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4)(i) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے آر بی آئی کی گائیڈ لائنس/ ہدایات کی خلاف ورزی پر عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیل میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مطلب اس بینک کے ذریعہ اپنے گاہکوں سے ہوئے سمجھوتوں کے تحت ٹرانزیکشن کو ناجائز قرار دینا نہیں ہے۔

**پس منظر:**

ریزرو بینک کے ذریعہ 31 مارچ 2016 تک اس بینک کی مالی حالت سے متعلق اسٹیچوٹری انسپکشن یہ آشکارا ہوا کہ آر بی آئی کے ذریعہ جاری این پی اے سے متعلق ہدایات اور این یف بی سہولیات میں توسیع سے متعلق ہدایات کی خلاف ورزیاں کی گئی ہیں انسپکشن رپورٹ کی بنیاد پر اور متعلقہ دستاویز کے مشاہدہ پر یہ بات عیاں ہوئی۔ اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس 10 اگست 2017 کو جاری کیا گیا کہ ریزرو بینک کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے کیوں نہ مالیاتی جرمانہ عائد کیا جائے۔ بینک کے جواب اور زبانی وضاحت پر و ذاتی سنوائی نیز اضافی معلومات اور پیش کئے گئے دستاویز پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ آر بی آئی کی ہدایات/ گائیڈ لائنس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا اور خلاف ورزیاں کی گئی ہیں اور اس پر مالیاتی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

**پریس ریلیز** 1617/2017-2018

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ ایڈوائزر**